**فوری ریلیز کے لیے:** 2023/3/2 **گورنر KATHY HOCHUL**

## گورنر HOCHUL نے مشرقی بفیلو میں چھوٹے کاروباروں کے لئے 3$ ملین گرانٹ کی دستیابی کا اعلان کر دیا

### مئی 2022 ء میں نسلی فسادات کے دوران ہونے والے قتل عام کے بعد مشرقی بفیلو کے نامزد علاقے میں چھوٹے کاروباروں کے لئے 3 فروری کو 5,000$ سے 50,000$ تک کی گرانٹ دستیاب ہو جائے گی

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ ایسٹ بفیلو سمال بزنس ورکنگ کیپیٹل گرانٹ پروگرام کے لئے درخواستیں 3 فروری سے 17 فروری تک دستیاب ہوں گی۔ 3$ ملین کے اس پروگرام کے تحت ایسٹ بفیلو کے کسی نامزد علاقے میں اہل چھوٹے کاروباروں کو 5,000$ سے 50,000$ کی گرانٹ فراہم کی جائے گی تاکہ ان زیادہ تر اقلیتوں کی ملکیت والے کاروباروں کو گزشتہ سال کے اوائل میں جیفرسن ایونیو کی ٹاپس فرینڈلی مارکیٹ میں ہونے والے فائرنگ کے ہولناک واقعے کے سماجی اور معاشی اثرات سے نکلنے میں مدد ملے۔ ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی جانب سے The Local Initiatives Support Corporation - New York اس پروگرام کا نظم و نسق سنبھالے گی۔ اہلیت رکھنے والے کاروبار اپنی پیشگی درخواستیں یہاں دائر کر سکتے ہیں۔پروگرام کے بارے میں مزید معلومات اور عموماً پوچھے جانے والے سوالوں کے جوابات کے لیے یہاں کلک کریں۔

"ایسٹ بفیلو سمال بزنس ورکنگ کیپٹل گرانٹ پروگرام اس کمیونٹی کی ترقی و بہتری کے لئے ریاست کے طویل مدتی عزم میں تازہ ترین قدم ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "مغربی نیویارک میں پیدا ہونے اور پرورش پانے والی فرد کے طور پر، میں نے اس کمیونٹی کے حوصلے، آزمائشوں سے نمٹنے کی طاقت، اور جذبے کو براہ راست اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔ اب ہم اسمال بزنس ورکنگ کیپٹل گرانٹ پروگرام جیسے پروگراموں کے ذریعے دہائیوں سے جاری سرمایہ کاری کے فقدان اور غفلت سے نمٹ رہے ہیں تاکہ مشرقی بفیلو میں ان کاروباروں کو جو زیادہ تر اقلیتوں کی ملکیت والے ہیں یہ موقع ملے کہ وہ وہاں کے رہائشیوں کی خدمت جاری رکھیں اور علاقے کی معیشت کو آگے بڑھنے کا ایک نیا راستہ مل جائے۔"

**LISC NY کی سینئر ایگزیکٹو ڈائریکٹر Valerie White نے کہا،** "LISC NY کے تمام اقدامات کی بنیادی توجہ ایسے علاقوں میں کمیونٹی پروگراموں میں شعوری اور مؤثر سرمایہ کاری کے اصولوں پر مرکوز ہے جہاں نیویارک کے باشندے سب سے زیادہ ضرورت مند ہیں۔ ایسٹ بفیلو حال ہی میں گھریلو تشدد کے واقعات میں اضافہ اور شدید موسمیاتی سختیوں جیسی ہنگامی صورتحال سے سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے۔ نیویارک کے ایسٹ بفیلو علاقے میں وہاں کی آبادی اور مقامی معیشت میں اس اہم سرمایہ کاری سے مقامی چھوٹے کاروباروں کو براہ راست فائدہ پہنچے گا جو پہلے ہی اس کمیونٹی میں ایک مؤثر کردار ادا کر رہے ہیں۔ ہم گورنر Hochul کے معترف کہ انہوں نے ریاست کے ایسے علاقوں اور مشرقی بفیلو میں تجارتی راہداریوں کے مختلف چھوٹے کاروباروں کی ان ضروریات کو تسلیم کیا جو خاص وہاں کے حالات سے مطابقت رکھتی ہیں۔ ہم ایسٹ بفیلو کے لوگوں کے لئے اس اہم گرانٹ پروگرام کا نظم و نسق کرنے کے لئے ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے شانہ بشانہ کام کرنے کے منتظر ہیں جس سے اس پختہ کمیونٹی کی بنیادی قوت میں اضافہ ہوگا - اور آنے والی نسلوں کے لئے اس مشہور و معرقف علاقے کو مزید ترقی اور خوشحالی حاصل ہوگی۔"

**ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "گزشتہ مئی کے ہولناک واقعات نہ مشرقی بفیلو کی کمیونٹی کی نمائندگی کرتے ہیں اور نہ ہی ان کے حوصلے اور جذبے کو کمزور کر سکیں گے۔

چھوٹے کاروباری اداروں کو آپریٹنگ اخراجات کم کرنے میں مدد دینے کے لئے 3$ ملین کی ٹارگٹڈ ورکنگ کیپیٹل گرانٹ کے ذریعے ریاست نیویارک یہ امر یقینی بنانے کے لئے اضافی اقدامات کر رہی ہے کہ اس علاقے کے اقلیتی ملکیت والے کاروباری اداروں کو کمیونٹی کی خدمت کرنے کے لئے درکار ضروری مدد و معاونت ملے۔"

ایسٹ بفیلو پروگرام کے اردگرد مندرجہ ذیل گلیوں/شاہراہوں کا جال موجود ہے: NYS روٹ 33، NY روٹ 198، نارتھ سٹریٹ، مشی گن ایوینی اور گوڈیل سٹریٹ۔ اہلیت کے حامل علاقے کا نقشہ یہاں دیکھیں۔ اہلیت کے حامل کاروباروں کے لئے گرانٹس دستاویزی مجموعی سالانہ فروخت کی بنیاد پر دستیاب کی جائیں گی۔

LISC کی دو شراکت دار تنظیمیں، بیورلی گرے میں The Exchange اور The Foundry ضرورت مند کاروباری مالکان کو درخواست دائر کرنے کے لئے ضروری معاونت انہی کے علاقوں میں فراہم کر رہی ہیں۔ اگر کاروباری اداروں کو دستاویزات اسکین کرنے، کمپیوٹر تک رسائی حاصل کرنے، یا کاغذات پُر کرنے کے لئے معاونت کی ضرورت ہو تو وہ اپنے گرانٹ ایپلیکیشن اسسٹنس کے دفتری اوقات کے دوران The Exchange یا The Foundry میں تشریف لائیں:

1. ***The Exchange at Beverly Gray***
334 E. Utica Street, Buffalo, NY 14208
منگل اور بدھ، صبح 10 بجے سے دوپہر 1 بجے تک
جمعرات، دوپہر 1 بجے سے 4 بجے تک

2. ***The Foundry***
298 Northampton Street, Buffalo, NY 14208
پیر، شام 6 بجے سے 9 بجے تک
ہفتہ، صبح 9 بجے سے دوپہر 1 بجے تک

ضرورت ہوئی تو درخواست کے لیے ترجمے کی خدمات بھیInternational Institute کے ذریعے دستیاب ہوں گی۔

عوام کے لئے آگاہی سیشن Buffalo Employment Training Center میں منگل 7 فروری کو صبح 10:00 بجے سے دوپہر 12:00 بجے تک 77 Goodell Streetمیں منعقد کیا جائے گا۔ ایک اضافی ویبی نار 9 فروری کو شام 5:30 بجے Beverly Gray کی میزبانی میں منعقد کیا جائے گا۔ ویبی نار اور رجسٹریشن کے متعلق مزید معلومات کے لیے یہاں کلک کریں۔

14 مئی، 2022 کو مشرقی بفیلو میں جیفرسن ایونیو بزنس ڈسٹرکٹ میں ٹاپس فرینڈلی مارکیٹوں میں 10 افراد کے نسلی بنیادوں پر قتل کے جواب میں اپنے جونٹینتھ اعلان کے جزو کے طور پر گورنر Hochul نے ہاؤسنگ، کاروبار، اور دیگر اقسام کی امداد و معاونت کی مد میں کمیونٹی سرمایہ کاری کے لئے 50$ ملین فراہم کرنے کا وعدہ کیا۔ایسٹ بفیلو سمال بزنس ورکنگ کیپٹل گرانٹ پروگرام اس سرمایہ کاری کا جزو ہے۔

اس اعلان کے نتیجے میں قائم ہونے والی دیگر سرمایہ کاریوں میں کمیونٹی کی زیر قیادت غذائی رسائی کا ایک اہم بھی اقدام شامل ہے جس میں ایک نئے افریقن ہیریٹیج فوڈ کوآپریٹو منصوبے میں مدد اور اضافی خوراک کے اختیارات کے لئے Tops کے آس پاس رہائشیوں کے لئے فوری طور پر مفت ٹراسپورٹ خدمات؛ مشرقی بفیلو کے کاروباری اضلاع میں چھوٹے کاروبار کے فیکیڈ/کیپیٹل اسسٹنس پروگرامز کو وسعت دینا؛ ملازمت کے لئے تربیت کی کوششوں کی معاونت کرنا مثلاً جیفرسن ایونیو پر Goodwill کا نیا Goodskills Career Builder آفس؛ اور قرقی سے بچنے، گھروں کی مرمت میں مدد، اور پہلی بار گھر خریدنے والوں کے لئے سرمائے تک رسائی کے لئے دسیوں ملین مختص کرنا جیسے اقدامات شامل ہیں۔

یہ سب گزشتہ موسم بہار میں مقامی رفاہی شراکت داروں اور سٹی آف بفیلو کے ساتھ اعلان کردہ علاقائی بحالی شراکت داری کے تحت گورنر Hochul کے اقدامات کے علاوہ ہیں، جو چھوٹے کاروباروں کے ساتھ تعاون اور براڈوے مارکیٹ کی تزئین و تعمیر نو اور بفیلو سینٹرل ٹرمینل، مشی گن اسٹریٹ افریقی امریکن ہیریٹیج کوریڈور، اور MLK پارک جیسے تاریخی وسائل کی بحالی جیسے کلیدی منصوبوں کے لئے مشرقی بفیلو میں 180$ ملین کی مشترکہ سرمایہ کاری فراہم کر رہا ہے۔

LISC-NY کا قیام 1980 میں عمل میں آیا تھا اور یہ اس قومی، غیر منافع بخش تنظیم کی نیویارک شاخ ہے جو ایسی کمیونٹیز کو جن پر کم سرمایہ کاری ہوئی ہو ضروری سرمائے، حکمت عملیوں اور معلومات سے لیس کرتا ہے تاکہ وہ ایسے مقامات بن جائیں جہاں غریب اور درمیانی آمدنی والے امریکی شہری ترقی اور پیشرفت کر سکیں۔

**ریاستی سینیٹر ٹم کینیڈی نے کہا،** "جیفرسن میں فائرنگ کے ہولناک واقعے کے بعد ہم نے کمیونٹی کے حوصلے کا مشاہدہ کیا، اور اس کا بھی جب ہم اکٹھے ہوتے ہیں تو کتنی کامیابیاں حاصل کرسکتے ہیں۔ اب، ہمیں اس کمیونٹی کو ایک بار پھر اکٹھا کرنے کی ضرورت ہے تاکہ یہ امر یقینی بنایا جا سکے کہ ان چھوٹے کاروباروں کو اس بات کا علم ہو کہ یہ مدد وہاں موجود ہے۔ اس 3$ ملین ڈالر کی اہم ریاستی امداد کو چھوٹے کاروباری مالکان کے ہاتھوں میں پہنچانے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ ہم یہ امر یقینی بنائیں کہ انہیں اس کے موجود اور دستیاب ہونے کا پہلے سے علم ہو۔ میرا دفتر درخواست کے عمل میں ان افراد کی مدد کرنے کے لئے پوری طرح تیار ہے تاکہ وہ ہماری کمیونٹی میں اپنی جڑیں برقرار رکھنے کے لئے ضروری مدد حاصل کرسکیں۔"

**اسمبلی کے اکثریتی لیڈر Crystal Peoples-Stokes نے کہا،** "میں جیفرسن کوریڈور کے آس پاس ایسٹ سائیڈ میں 3$ ملین ڈالر کی چھوٹی کاروباری امداد فراہم کرنے والے اپنی الفاظ کو عملی جامہ پہنانے پر گورنر Hochul کا انتہائی معترف ہوں۔ علاقے کے کاروباری اداروں نے COVID، فائرنگ کے ایک انتہائی افسوسناک واقعے، اور ایک ریکارڈ توڑ برفانی طوفان کا سامنا کیا ہے جس نے ان کی املاک کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچایا۔ عوام، چھوٹے کاروبار اور متفرق محلے مل کر کمیونٹیز کی تشکیل کرتے ہیں۔ ہماری برادریوں کی کئی متفرق ضروریات ہیں اور ایمپائر اسٹیٹ ڈیولپمنٹ جیسی ایجنسیوں کی جانب سے مسلسل اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہوگی تاکہ وہ ایک مثبت اثر قائم کر سکیں، اور اسی بناء پر ہم آپ کی شراکت داری کو سراہتے ہیں۔"

**ایری کاؤنٹی ایگزیکٹو Mark C. Poloncarz نے کہا،** "چھوٹے کاروبار ہمارے معاشی شعبے کی جان ہیں، اور ایسٹ بفیلو سمال بزنس ورکنگ کیپیٹل گرانٹ پروگرام گزشتہ سال ہونے والے فائرنگ کے ہولناک واقعے کے بعد بفیلو میں چھوٹے کاروباری مالکان کی اس واقعے سے بحالی میں مدد کرے گی۔ میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ان کی توجہ مسلسل ہماری کمیونٹی کی مدد و معاونت پر مرکوز ہے۔"

**سٹی آف بفیلو کے میئر Byron W. Brown نے کہا،** "14/5 کے نسلی بنیادوں پر ہونے والی فائرنگ کے اس ہولناک واقعے کا براہ راست اثر اس علاقے کے چھوٹے کاروباروں پر پڑا تھا۔ یہ فنڈز ان متاثرہ کاروباروں کی مدد و معاونت کرنے میں بہت اہم کردار ادا کریں گے۔میں گورنر Kathy Hochul کا انتہائی مشکور ہوں کہ انہوں نے مشرقی بفیلو کی خصوصاً اور ہماری کمیونٹی کی اجتماعی مدد و معاونت مسلسل جاری رکھی ہوئی ہے۔"

**<u>LISC NYC کے بارے میں</u>**

LISC NYC نیویارک میں لوکل انیشی ایٹوز سپورٹ کارپوریشن (LISC) کا فلیگ شپ دفتر ہے۔ LISC NYC ان مقامی شراکت داروں کی مدد و معاونت کرتا ہے جن کی خدمات اور پروگراموں کا مقصد زیادہ منصفانہ، جامع اور پائیدار نیویارک شہر کی تعمیر ہے۔ 1980 کے بعد سے LISC NYC نے 3.1$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی ہے اور کم آمدنی والی برادریوں کی مدد و معاونت کے لئے اضافی 7.6$ بلین سے بھی استفادہ کیا ہے۔ LISC NYC کی سرمایہ کاری کی حکمت عملی کی رہنمائی ان کا یہ یقین کرتا ہے کہ نیویارک شہر کے لئے ایک ایسا مستقبل تشکیل دینے کا وقت آگیا ہے جو نسلی امیری کے تفاوت کو پوری طرح ختم کر دے، سستی رہائشگاہوں کو تحفظ دے، اور نیویارک کے تمام باسیوں کے لئے بامعنی معاشی مواقع کے راہیں استوار کرے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں